سوال

(29) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور عقیدہ سماعِ موتٰی

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور اکابرین حنابلہ سے سماع موتٰی اور عرض اعمال کا عقیدہ ثابت ہے یا ڈاکٹر عثمانی نے مغالطہ دیا ہے؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ڈاکٹر مسعود احمد عثمانی ایک مشہور کذاب ودجال اور تکفیری وخارجی عقیدے کا حامل تھا۔ اس نے میرے سامنے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کو کافر کہا تھا، لہذا جب تک اصل کتاب نہ دیکھ لیں ڈاکٹر مسعود کی نقل وروایات کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اصل مصادر کی طرف خود رجوع کر کے تحقیق کریں یا پھر ہمیں ڈاکٹر مسعود والے حوالے لکھ بھیجیں تاکہ ان کی تحقیق کی جاسکے۔ (شہادت، فروری 2004ء)

تنبیہ:۔

واضح رہے کہ یہ عثمانی گروپ کا امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف باطل پروپیگنڈا ہے جبکہ یہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا یہ عقیدہ نہیں تھا کہ مُردے ہمہ وقت قبروں میں سنتے ہیں۔

امام اہل سنت احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے عقائد ان کی کتابوں اور ان کے اقوال سے اظہر من الشمس ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔ کتاب العقائد۔ صفحہ115